© rasailojaraid.com

# کتاب نُما

## تعارف وتبصرہ

تبصرہ نگار: پروفیسر محمد یونس جنجوعہ

(۱)

نام کتاب : تذکرۂ محمدین

مصنف : مولانا برکت اللہ بھٹو

ضخامت : ۲۳۰صفحات قیمت: درج نہیں

ملنے کا پتہ: مکتبہ المصباح' A-1 ذیل دار پارک' اچھرہ' لاہور

افضل البشر رسالت مآب ﷺ اللہ عز وجل کے آخری رسول ہیں۔ آپؐ کے عقیدت منداور جاں نثار اُمتی پورے کرۂ ارض پر پھیلے ہوئے ہیں۔ آپؐ کا نام نامی اسم گرامی محمد ﷺ ہے۔ قرآن مجید آپؐ پر نازل ہوا جس میں آپؐ کا تذکرہ جا بجا ہے۔ آپؐ کا نام ''محمد'' قرآن مجید میں چار دفعہ آیا ہے۔

ہر دور میں لوگ اچھے' باکردار اور مثالی شخصیات کے ناموں پر اپنے بچوں کے نام رکھتے ہیں جس سے اُن کے ساتھ محبت اور عقیدت کا اظہار ہوتا ہے۔ چنانچہ بہت سے اہلِ ایمان نے اپنے بچوں کا نام محمد رکھا' جن میں سے اکثر و بیشتر نے بڑے ہو کر عظیم کارنامے سرانجام دیے۔ اگرچہ تاریخ اسلام میں ایسے قابلِ فخر لوگ بڑی تعداد میں ہوئے ہیں تاہم فاضل مصنف نے اس کتاب میں محمد نام کی بیس معروف شخصیات کے مختصر حالات لکھے ہیں۔ اسلاف کے کارناموں کو جان کر جہاں اپنے دین کے ساتھ الفت اور عقیدت پیدا ہوتی ہے وہاں ان مشاہیر کے سنہری کارناموں سے بھی واقفیت حاصل ہوتی ہے اور اس بات کی تردید ہوتی ہے کہ علوم وفنون میں ترقی صرف اہلِ مغرب نے کی ہے۔ تاریخ اسلام میں سے محمد نام کے چند اشخاص جن کے کارنامے مسلمانوں کے لیے قابلِ فخر اور ہمت افزا ہیں' اس کتاب میں رقم کیے گئے ہیں۔ ان میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں:

☆ امام محمد بن اسماعیل بخاریؒ ☆ امام محمد بن محمد غزالیؒ ☆ امام محمد بن ادریس شافعیؒ
☆ علامہ محمد بن احمد ابن رشدؒ ☆ امام محمد بن عمر رازیؒ ☆ امام محمد بن حسن شیبانیؒ
☆ محمد بن احمد البیرونیؒ ☆ امام محمد بن سیرینؒ ☆ علامہ ابونصر محمد بن محمد فارابیؒ
☆ امام محمد بن جریر طبریؒ ☆ امام محمد بن عیسیٰ ترمذیؒ ☆ حافظ محمد بن ابی بکر ابن القیم الجوزیہؒ
☆ محمد بن قاسمؒ ☆ محمد بن زکریا رازیؒ (امام علم طب)



© rasailojaraid.com